اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور

پریس ریلیز

اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور کے ایک اعلان کے مطابق بی اے/ بی ایس سی دوسرا سالانہ امتحان 2018ء میں شرکت کرنے والے امیدواروں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مذکورہ امتحان انشااللہ مورخہ 26 اکتوبر بروز جمعہ سے شروع ہوگا۔

نوٹ:۔ بیرونی یا پرائیوٹ امیدوار کے طور پر صرف وہی طلباء امتحان میں شرکت کر سکتے ہیں جو پہلے سے رجسٹریشن کروا چکے ہیں۔ بغیر رجسٹریشن کوئی بھی داخلہ فارم قابل نہ ہوگا۔

اس امتحان میں شرکت کرنے والے کالج کے سابقہ طلبہ و طالبات/ فیل شدہ/ نئے بیرونی امیدواروں سے داخلہ فارم درج ذیل شیڈول کے مطابق وصول کئے جائیں گے۔

داخلہ فیس برائے پرائیویٹ و بیرونی/ کالجوں کے سابقہ امیدواران

۱۔	بغیر لیٹ فیس کے ساتھ فارم و فیس وصول کرنے کی آخری تاریخ	=	05 ستمبر 2018ء بروز بدھ
۲۔	لیٹ فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	=	14 ستمبر 2018ء بروز جمعہ
۳۔	دوگنی فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	=	26 ستمبر 2018ء بروز بدھ
۵۔	داخلہ فیس برائے امتحان بی اے	=	-/2200 روپے
۶۔	پریکٹیکل کے ساتھ داخلہ فیس بی اے	=	-/2900 روپے
۷۔	داخلہ فیس برائے بی ایس سی	=	-/2900 روپے
۸۔	دوگنی داخلہ فیس برائے امتحان بی اے	=	-/4400 روپے
۹۔	دوگنی داخلہ فیس برائے بی ایس سی	=	-/5800 روپے
۱۰۔	لیٹ فیس	=	-/1500 روپے

مورخہ 26 ستمبر 2018ء بروز بدھ کے بعد داخلہ فارم قطعاً وصول نہیں کئے جائیں گے۔ اور یونیورسٹی ایسے داخلہ فارم کے متعلق کسی قسم کی ذمہ داری قبول نہیں کرے گی۔ پرائیویٹ و بیرونی/ کالجوں کے سابقہ امیدواران اپنے داخلہ فارم حبیب بینک کی متعلقہ مقامی شاخ سے مقررہ امتحانی فیس جمع کرا کر حاصل کر سکتے ہیں۔ نیز داخلہ فارم یونیورسٹی کی ویب سائیٹ www.iub.edu.pk سے ڈاؤن لوڈ بھی کیا جا سکتا ہے۔ کالج کے سابقہ طلباء و طالبات کو اپنے داخلہ فارم متعلقہ کالج کے پرنسپل سے تصدیق کرانا ہونگے۔

پرائیویٹ و بیرونی مرد و خواتین امیدوار اپنے داخلہ فارم اور فوٹو یونیورسٹی/ کالج ہٰذا کے مقرر کردہ پروفیسرز/ لیکچرار جن کے نمونہ دستخط شعبہ ہٰذا میں موجود ہیں سے تصدیق کروانا ہوں گے۔ اگر کسی امیدوار کا داخلہ فارم/ تصاویر ان مقرر کردہ پروفیسرز/ لیکچرار کے علاوہ کسی اور سے تصدیق شدہ موصول ہوئے تو ان کے داخلہ فارم قبول نہیں کئے جائیں گے اور ان کو امتحان میں شمولیت کی اجازت نہ ہوگی۔

(جاری ہے)

بہاولپور، بہاولنگر اور رحیم یار خان اضلاع کے رہائشی مرد اور خواتین اپنے ہی ضلع کی حدود میں قائم کئے گئے امتحانی مراکز میں امتحان دینے کے پابند ہونگے۔ بہاولپور ڈویژن کے باہر کے رہائشی مرد و خواتین امیدواروں کو بہاولپور شہر میں قائم کئے گئے امتحانی مراکز میں امتحان دینا ہوگا۔

بہاولپور ڈویژن میں ضلع/تحصیل/سب تحصیل کی سطح پر حبیب بینک لمیٹڈ کی نامزد برانچوں کے علاوہ ملک کے دیگر شہروں سے داخلہ بھیجنے والے امیدواروں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ داخلہ فیس کی ادائیگی بذریعہ چیک/ ڈرافٹ/ پے آرڈر/ آن لائن/منی آرڈر قابل قبول نہ ہوگی۔

تمام مرد و خواتین کو جو مذکورہ امتحان میں شرکت کرنا چاہتے ہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے داخلہ فارم کے ہمراہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ، انٹرمیڈیٹ کی سند یا پاس رزلٹ کارڈ کی مصدقہ کاپی فراہم کریں تاکہ امتحان میں شریک ہونے کی اہلیت یا نااہلیت کا فیصلہ کیا جا سکے اور اہل امیدواروں کو رول نمبر بروقت ارسال کئے جا سکیں۔ نیز سابقہ امیدوار اپنے سابقہ رولنمبر کا حوالہ (جو کہ آخری مرتبہ جاری ہوا تھا) داخلہ فارم پر ضرور تحریر کریں تاکہ ریکارڈ چیک ہو سکے۔ نیز کالج کے سابقہ طلباء و طالبات کو داخلہ فارم کے ساتھ رجسٹریشن کارڈ کی مصدقہ نقل منسلک کرنا لازمی ہوگا۔

mel. 16/8/18

کنٹرولر امتحانات

بہاولپور

مورخہ: 16 اگست 2018ء

(محمد حسین)